بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حرفِ اوّل

اس سال مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے زیر اہتمام سالانہ محاضرات قرآنی ان شاء اللہ العزیز ۸ تا ۱۲ مارچ قرآن آڈیٹوریم لاہور میں منعقد ہوں گے۔ محاضرات کا ایک جامع عنوان "حقیقت ایمان" طے پایا ہے۔ اس موضوع پر پانچوں روز مرکزی خطابات انجمن کے صدر موسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے ہوں گے۔

محترم ڈاکٹر صاحب نے اس موضوع کو جو ان کے پسندیدہ موضوعات میں سے ہے' دس ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا ہے۔ پروگرام یہ ہے کہ وہ اپنے خطاب میں روزانہ دو عنوانات کو Cover کریں گے اور اس طرح پانچ نشستوں میں ان شاء اللہ العزیز یہ اہم بحث مکمل ہوگی۔ ہر نشست میں سوالات کے لئے اہل علم و دانش پر مشتمل ایک پینل تشکیل دیا جائے گا۔ نشست کے اختتام پر محترم ڈاکٹر صاحب پینل کے سوالات کے جوابات دیں گے۔ اس طرح امید ہے کہ ایمان سے متعلق تمام اہم موضوعات نکھر کر سامنے آئیں گے۔ قبل ازیں ۲۲ تا ۲۵ فروری تنظیم اسلامی کا سولھواں سالانہ اجتماع بھی لاہور ہی میں منعقد ہوگا۔ ان دونوں اہم اجتماعات کے تفصیلی اعلانات زیر نظر شمارے کے ٹائیٹل کے اندرونی صفحات پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

خلیج کی سنگین صورت حال ہر ذی شعور مسلمان کے لئے انتہائی پریشان کن اور تشویشناک ہے۔ ماہ جنوری کے دوران محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب اپنے متعدد خطبات جمعہ میں اس نازک مسئلے پر اظہار خیال فرما چکے ہیں۔ ان کے تجزیوں پر مشتمل خطابات کا ماحصل ۱۳؍ فروری کے "ندا" میں شائع ہو چکا ہے جو ان کے نقطہ نظر کی کامل اور بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ جو قارئین خلیج کی جنگ کے بارے میں محترم ڈاکٹر صاحب کے خیالات جاننے کے خواہشمند ہوں ان کے لئے ہمارا مشورہ یہ ہے کہ وہ "ندا" کے مذکورہ بالا شمارے کا مطالعہ ضرور فرمالیں ـــــــ تاہم اس مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے محترم ڈاکٹر صاحب نے اپنے ایک خطاب جمعہ میں سورۃ الروم اور سورۃ السجدہ کی بعض آیات کا تقابلی جائزہ درس قرآن کی شکل میں پیش کیا تھا۔ موجودہ حالات کے تناظر میں ان آیات کا مطالعہ فکر کی نئی راہوں کو کھولنے کا باعث بنتا محسوس ہوتا ہے۔ اس درس کی افادیت کے